مجلس اعلیٰ کمیٹی کے اہم رکن جناب سلیم احمد کو 09 اپریل 2019 بروز منگل کو ٹارگیٹ کلنگ میں شہید کر دیا گیا۔ آپ نے مجلس اعلیٰ کمیٹی کے رکن کی حیثیت سے اپنے آپ کو برادری کے لوگوں کی مدد اور آپس میں اعتماد کے رشتے کو فروغ دینے میں بھرپور کردار ادا کیا۔ آپ کا نام ہمیشہ اس برادری کے لوگوں کے دلوں میں زندہ رہے گا۔

CamScanner

آہ سلیم احمد (شہید)

8 اپیریل کا شام گزر چکی تھی رات کے تقریبا ½ 8 یا نو بجے میری موبائل کی بیل بجی یہ فرینڈز سرکل کے صدر فہد متین کا فون تھا۔ انھوں نے کہا کہ نسیم صاحب ایک بڑی المناک اور بری خبر ہے۔ سلیم بھائی کو دکان پر گولی ماردی اور وہ سول ہسپتال میں اللہ کو پیارے ہوگئے۔
میرے منہ سے بے ساختہ نکلا نہیں۔۔۔۔۔۔انااللہ وانا اللہ راجعون یہ خبر بجلی کی طرح مجھ پر گیری آنکھوں میں آنسو، اور دل بےچین ہوگیا۔ میں نے فوری ناظم الدین بقائی کو فون کیا اور انھوں نے بتایا مجھے بھی ابھی اطلاع ملی ہے فوری طور پر سلیم صاحب کے گھر پہنچو! میں بھی پہنچ رہا ہوں۔ ناظم الدین بقائی صاحب کے ان سے رشتوں کے علاوہ بڑا گہرا تعلق تھا۔ادھر سول ہسپتال میں بہنویوں، بھانجوں نے فوری طور پر پہنچنا شروع کردیا۔میری نظروں میں انکے ساتھ گزرے ہوئے دن اور سال گھومنے لگے۔
سلیم احمد سے میرا تعلق بڑا گہرا تھا۔ میں فرینڈز سرکل کا جنرل سکیرٹری اور وہ جوائنٹ سکیرٹری تھے تقریبا 20 و 22 سال ہم نے ایک ساتھ کام کیا۔ جمعیت حکیمان (دہلی) کی اعلیٰ مجلس میں ہم الیکشن میں کامیاب ہوگئے تو میں جنرل سکیرٹری اور وہ جوائنٹ سکیریٹری تھے۔
میں سوچ رہا تھا ماں! کا لاڈلا، بہنوں کا دولارا، بیوی کی انکھوں کا تارا، بیٹیوں سے محبت و شفقت کرنے والے باپ، بیٹیوں کی رہنمائی اور بے لوث خدمت کرنے والا انسان، برادی کے کاموں میں بڑھ چڑ کر حصہ لینے والا سلیم احمد کو دولت کے پجاریوں نے بوڑھی ماں سے بیٹا! بیوی سے محبت کرنے ولا شوہر، اولاد پر جانثار کرنے والا باپ، نواسا نواسی سے انکا نانا چھین لیا اور گولی مار کر ابدی نیند سلادیا۔
شہادت سے دو دن پہلے 7 اپریل اپنے بیٹے اور بہو کو عمرہ کے لئے روانہ کیا۔ 7 اپریل کو صبح اٹھ پر ناشتہ سے فارغ ہو کر کپڑے وغیرہ بدل کر اپنے کمرے میں تمام بچون کو جمع کیا۔ اور ان سب کو آپس میں گلے ملایا اور بیٹے اور بیٹیوں کو نصیحت کی کہ تم سب آپس میں خلوص و محبت کے ساتھ رہنا۔میری موت زندگی کا بھروسہ نہیں لیکن آپ لوگ محبت سے یکجا رہنا۔ سب بچوں سے گلے مل کر خوب روہیں اور نصحتیں کرتے رہے کہ آپ لوٗگ محبت سے یکجا رہنا۔ پھر سب کے ساتھ بیٹے اور بہو کو ایئر پورٹ چھوڑنے گئے۔ بڑے بیٹے سمید کو چلتے ہوئے کہا کہ تم اطمنان سے عمرہ کرنا۔ یہاں کی کوئی فکر نہ کرنا۔ میں یہاں دیکھ بھال

9 اپریل 2019ء کی صبح حسب معمول دکان جانے سے پہلے والدہ کے پاس گئے بیٹھے۔ والدہ نے اشارے سی باہر جانے کیلئے کہا تو سلیم نے اماں سے کہا کہ آج شام آکر آپ کو باہر گھومانے لے جاؤنگا۔
والدہ سے آخری ہاتھ ملایا اور دعا لیکر روٹین کے مطابق بیٹے زین کے ہمراہ دکان روانہ ہوگئے۔
شام ہوئی تو زین نے کہا کہ ابو سمید بھائی سے بات کریں تو انھوں نے کہا کہ گھر پہنچ کر تفصیل سے بات کریں گے۔
اسی المناک شام۔۔۔مغرب کے کچھ دیر بعد 7بج کر 45 منٹ پر مرچی گلی جوڑیا بازار میں یہ واقعہ رونما ہوا۔ یہ وہ وقت تھا جب جوڑیا بازار کے تقریبا تمام ہی تاجر اور دکاندار اپنے اپنے کاروبار کو سمیٹ رہے ہوتے ہیں ملازمین مال کو دکان کے اندرکرکے شٹر گرانے میں مصروف ہوتے ہیں اور تاجر دن بھر کا حساب کتاب کرنے میں مصروف ہوجاتے ہیں۔ اسی لمحے سلیم احمد بھی دکان بند کرنے کی ہدایت دے کر اپنے دفتر میں بیٹھے حساب کتاب کرنے میں مصروف تھے جب کہ ان کا بیٹا بڑا بیٹا زین بھی ان کے عقب میں کھڑا کسی کام میں مصروف تھا کہ اسی اثناء میں دکان کے باہر ایک موٹر سائیکل کے رکنے کی آواز آئی موٹر سائیکل سوار نے ہیلمٹ پہنا ہوا تھا۔ سلیم احمد کھڑے ہوگئے کہ شاید کوئی گاہک ہے لیکن اسی اثناء میں اس موٹر سائیکل سوار نے پستول نکالا اور بغیر کسی مطالبے اور بات چیت کے سلیم احمد پر اندھا دھند گولیاں برسانا شروع کردیں, گولیوں کی تڑ تڑاہٹ سنتے ہی ان کے عقب میں کھڑا ان کا بیٹا جھک گیا لیکن والد کے سینے میں گولیاں پیوست ہوگئیں اور سلیم احمد نے اپنی جان آفرین کے حوالے کردی چند لمحوں کی اس خونیں واردات کے بعد سلیم احمد کو فوری طور پر ایمبولینس کے ذریعے سول اسپتال منتقل کیا گیا تاہم اسپتال پہنچتے پہنچتے اپنے خالق حقیقی سے جاملے تھے۔ یہ خبر ملتے ہی ہر طرف خاندان میں کہرام مچا گیا۔ بڑا بیٹا سمید جو کہ دبئی سے عمرہ کے لئے روانہ ہونے والے تھے ان کو اطلاع دی وہ رات ہی کی فلائیٹ سے 2 بجے پہنچ گئے۔جنازہ اٹھنے سے پہلے بیمار والدہ کو آخری دیدار کے لئے لایا گیا تو ماں! سرہانے بیٹھ کر دیکھتی رہیں جیسے کہ وہ کہ رہی ہوں بیٹا جانے کا وقت تو میرا تھا۔ تمھیں ظالم ہوس پرستوں نے مجھ سے اس عمر میں چھین لیا۔گھر کے باہر جنازے میں شرکت کیلئے ایک جم غفیر جمع تھا۔ پورا جوڑیا بازار بند تھا۔
سلیم احمد کے قتل نے جوڑیا بازار سمیت شہربھرہی نہیں بلکہ صوبے بھرکے تاجروں اور تاجر تنظیموں میں تشویش کی لہر دوڑادی اور قتل کے اگلے روز پوری مارکیٹ میں شٹرڈاؤن کرکے تاجروں نے احتجاج ریکارڈ کرایا۔ یہ احتجاج جہاں مقتول سلیم احمد کے بیٹوں سے اظہار یکجہتی تھا وہیں قانون نافذ کرنے والے اداروں کے خلاف غم وغصے کا اظہار بھی تھا۔
10 اپریل 2019 بعد نماز ظہر سسکیوں اور آہوں کے ساتھ سخی حسن قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔
انشاءاللہ اللہ تعالیٰ۔ اللہ ظالموں کو دنیا میں ہی عبرت ناک سزا دے گا۔

لیڈر شپ

" خود سے کام لینے کیلئے اپنا دماغ استعمال کرو

دُوسروں سے کام لینے کیلئے اپنا دل استعمال کرو"

کہا جاتا ہے لیڈر شِپ مقام کا نہیں کام کا نام ہے۔ (LEADERSHIP IS ACTION, NOT POSITION) رہنما ہمیشہ اپنے عمل کے ذریعے لوگوں کا دل جیتتا ہے۔ دُنیا کے سب سے بڑے رہبر و رہنما حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ پوری دُنیا میں سب سے زیادہ قابل اور مستند لیڈر ہیں کیونکہ آپ کی رہنمائی صرف باتوں کی حد تک محدود نہیں تھی بلکہ آپ ﷺ نے ہر عمل خود کر کے دکھایا۔ اگر آپ تاریخ کا جائزہ لیں تو اللہ ربّ العزت نے جتنے بھی انبیاء کرامؑ بھیجے۔ وہ قائدانہ صلاحیتوں سے مالا مال تھے۔ وہ بخوبی جانتے تھے کہ لوگوں کو ساتھ لے کر کیسے چلنا ہے!

لیڈر شپ میں چار الفاظ ہیں: پہلا لفظ لیڈ ہے، دُوسرا لیڈر، تیسرا شِپ اور چوتھا لیڈر شِپ۔ اگر ہم ان کے معنی دیکھیں تو لیڈ (LEAD) کرنے کا مطلب ہے قیادت کرنا۔ دُوسرا لیڈر (LEADER)، جو رہنما ہوتا ہے۔ تیسرا شِپ (SHIP)، کوئی ایسا آلہ جو سمندر میں تیرتا اور چیزوں کو ایک جگہ سے دُوسری جگہ لے کر جاتا ہے۔ چوتھا لیڈر شِپ (LEADERSHIP) کا مطلب ہے وہ طریقہ کار جس میں کوئی رہنما اپنی قیادت میں لوگوں کو کسی مقام تک پہنچا دے۔

جان میکسویل نے لیڈر شِپ پر دُنیا میں سب سے زیادہ تحقیق کی ہے۔ وہ کہتا ہے ''اگر آپ نے ترقی کرنی ہے اور آپ کو کہا جائے اپنے اندر ایک صفت پیدا کرلو تو ترقی ممکن ہو جائے گی تو اس صفت کا نام ہے لیڈر شِپ''۔ دُنیا کے تمام بڑے لوگ لیڈر ہوتے ہیں۔

رچرڈ ای یوبوٹیٹس نے اپنی کتاب میں ذکر کیا ہے کہ وہ روزانہ ٹرین دیکھنے ریل کی پٹری کے پاس چلا جاتا تھا۔ اس سے لوگوں نے پوچھا یہاں کیوں آتے ہو؟ اس نے جواب دیا مجھے ٹرین سے محبت ہوگئی ہے۔ لوگوں نے پوچھا کیوں محبت ہوگئی ہے؟ اس نے جواب دیا پانچ وجوہات ہیں۔ پہلی وجہ، ٹرین کا انجن ٹرین کو منزل تک پہنچاتا ہے۔ دُوسری وجہ، آخری ڈبے کو بھی ساتھ لے کر جاتا ہے۔ تیسری وجہ، وہ خود آگ کھاتا ہے، ڈبوں کو نہیں کھانی پڑتی۔ چوتھی وجہ، صراطِ مستقیم پر چلتا ہے اور پانچویں وجہ یہ ڈبوں کا محتاج نہیں ہوتا بلکہ ڈبے اس کے محتاج ہوتے ہیں۔

جب لیڈر شپ کی بات کی جائے تو یہ ذہن میں رہے کہ لیڈر وہ فرد ہوتا ہے جو دُوسرے لوگوں سے ممتاز ہو، جو آج میں بیٹھ کر آنے والے زمانے کو دیکھ لے۔ جو ہمیشہ جیتنے کا سوچتا ہو۔ جس کا رویہ ہمیشہ اپنے لوگوں کے ساتھ حوصلہ افزا، مثبت اور پُر اُمید رہتا ہو۔ جس کا جذبہ پُر جوش اور پُر عزم دکھتا ہو۔ جس کا عمل دُوسرے کو بڑا خواب دیکھنے، سیکھنے، کچھ کر گزارنے اور کچھ بن جانے کیلئے متاثر کرتا ہو۔ جو مضبوط اخلاق و کردار کا مالک ہو۔ جو برے حالات، بری باتیں سب کو برداشت کرنے کی صلاحیت رکھتا ہو۔ جو رحم دل، ہمدرد اور لوگوں کو معاف کرنے والا ہو۔

ایک کامیاب رہنما یا قائد ہونے کا راز یہ بھی ہے کہ آپ اچھی طرح جانتے ہوں کہ مختلف صلاحیتیں رکھنے والی ٹیم کیسے تشکیل دی جاتی ہے۔ ایک جیسی صلاحیت رکھنے والے افراد پر مشتمل ٹیم کبھی نہیں جیت سکتی۔ اگر ہاکی کی کوئی ٹیم صرف گول کیپرز پر مشتمل ہو تو وہ کبھی گول نہیں کر سکتی۔ اس لئے کامیاب قائد مختلف مہارتیں رکھنے والے افراد پر مشتمل ٹیم بناتے ہیں۔ لیکن آپ کو یقینی بنانا ہے کہ مختلف صلاحیتیں رکھنے والے افراد کا مقصد مشترکہ ہو۔ فاتح کوچز اجتماعی کوشش کی اہمیت سے آگاہ ہوتے ہیں اور اپنے کھلاڑیوں کو انفرادی کارکردگی کے بجائے اجتماعی کامیابی حاصل کرنے کی ترغیب اور تربیت دیتے ہیں۔ مثال کے طور پر فٹ بال کے کوچ اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ اگر کھلاڑی کے پاس گول کرنے کا بہتر موقع ہو تو ٹیم کو دوسرا کھلاڑی خود کوشش کرنے کے بجائے پہلے کو گیند پاس کر دے۔

اسٹیو جیمسنس نے اپنی کتاب میں لکھا ہے کہ مشکل ٹیسٹ ''لڑاکا طیارے کے پائلٹ'' کا ہوتا ہے۔ اس میں پائلٹ کو ایک کیبن میں ڈال کر ہوا کا دباؤ کم کر کے گھمایا جاتا ہے۔ اس میں کئی لوگوں کے کان تک پھٹ جاتے ہیں۔ جو فرد اس ٹیسٹ میں کامیاب ہوتا ہے اُسے منتخب کیا جاتا ہے۔ اس کی وجہ جس کے ہاتھ میں کروڑوں رُوپے کا طیارہ دینا ہے وہ اتنا قابل ہو کہ وہ اس طیارے کو اُڑا سکے۔ پائلٹ کو کہا جاتا ہے کہ اگر کبھی آپشن آئے کہ طیارہ تباہ کرنا ہے یا خود کو بچانا ہے تو تم طیارہ تباہ کر دینا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ تم اس سے کئی گنا مہنگے ہو کیونکہ تم ''لیڈر'' ہو۔

جس گھر میں نظام اور جس ادارے میں لیڈر موجود ہوتا ہے وہ خوب ترقی کرتا ہے۔ اس طرح ترقی کا راز آپ کے کردار سے بھی جڑا ہوتا ہے۔ جتنا بڑا کردار ہوگا اُتنے بڑے لیڈر بنیں گے۔ ایک رہنما کی حیثیت سے وہی انسان عزت پا سکتا ہے جس میں مشن کا سچا احساس اور مضبوط اقدار اور قربانی کا جذبہ موجود ہو۔ کیونکہ ایک عظیم رہنما کی دل سے عزت کی جاتی ہے۔ طاقت اور رُتبہ عزت سے ملتا ہے اور ایک حقیقی لیڈر کو بھی عزت کمانا ہوتی ہے۔ مقبول لیڈرشپ کیلئے رحم دلی، ہمدردی اور لطف و عنایت بنیادی اُوصاف ہیں۔ عظیم لیڈر بننے کیلئے آپ کو شکست کا تجربہ بھی ہونا چاہئے۔ عظیم لیڈر وہی ہوتا ہے جو شکست سے ہمت ہار کر مقابلہ ترک نہیں کرتا۔ اُسے The Law of Victory کہتے ہیں۔

یاد رکھیں! عظیم کامیابیاں صرف عظیم خواہش اور عمل سے حاصل ہوتی ہیں۔ ایک اچھا لیڈر بننے کی خصوصیات کو محنت اور کوشش سے اپنے اندر پیدا کیا جا سکتا ہے کیونکہ Leaders Are Made Not Born.۔ لہٰذا آج سے اپنے آپ کو بدلنے کی شروعات کیجئے اور اپنے لئے ایک عظیم قائد یا لیڈر کا کردار منتخب کیجئے۔

شکریہ

محمد لاریب ذکائی

تعلیم نسواں

''تعلیم عورت کو بھی دلوانا ضروری ہے
عورت جو بے علم ہے گھر میں فتور ہے۔''

تعلیم نسواں دو لفظوں کا مرکب ہے۔ تعلیم اور نسواں تعلیم کا مطلب علم حاصل کرنا اور نسواں کا نسآء سے ہے۔ جس کے معانی ہیں عورتیں۔ تعلیم نسواں سے مراد ہے ''عورتوں کی تعلیم'' علم اور عورت دونوں کی اہمیت اپنی اپنی جگہ مسلمہ ہے۔ عورت ماں کے روپ میں بے لوث محبت، شفقت، ہمدردی، ایثار اور قربانی کی انمول داستان ہے۔ عورت بیوی کی صورت میں خلوص و فاداری اور چاہت کا حسین اضافہ ہے۔ عورت بہن کی شکل میں اللہ کی بہترین نعمت ہے تو بیٹی کے روپ میں خدا کی رحمت۔ ایک طرف وسیع و عریض سلطنت اس کے قدموں میں سمٹی ہوئی دکھائی دیتی ہے تو دوسری طرف زندگی کے دلکش نغمات کے سارے ساز۔ دنیا کے باغ کی ساری رونقیں اور کائنات کی تصویر کے سارے رنگ اس کے وجود سے ہے۔ بقولِ اقبال

''وجودِ زن سے ہے تصویرِ کائنات میں رنگ''

علم ایک لازوال داستان ہے۔ ایک بے مثال کہانی ہے ایک لامحدود موضوع ہے۔ ایک جامع مضمون ہے جو ہر چیز کے ہر پہلو کا احاطہ کئے ہوئے ہے یہ وہی طاقت ہے جس میں دربارِ خداوندی میں انسان کو فرشتوں سے اعلیٰ و افضل ثابت کر دکھایا۔ یہ وہ خزانہ ہے جو بانٹنے سے کم ہونے کے بجائے اور بڑھتا ہے۔ اس لئے اسلام نے تعلیم حاصل کرنا ہر مرد و عورت کے لئے ضروری قرار دیا ہے۔ ارشادِ نبوی ﷺ ہے۔

''علم حاصل کرنا ہر مسلمان مرد و عورت پر فرض ہے''

اسلام ایسا دین ہے جو اپنے پیرا کاروں پر علم کا حصول فرض کے درجے میں گردانتا ہے اور اس باب میں مرد و زن کی کوئی تخصیص نہیں۔ قرآن کریم میں رسول اللہ ﷺ کو اس دعا کی تعلیم اور ہدایت دی۔

ربِّ زدنی علمَ (اے میرے رب میرے علم میں اضافہ فرما)

ایک قول ہے:۔

''مرد کی تعلیم ایک فرد کی تعلیم ہے جبکہ ایک عورت کی تعلیم ایک خاندان کی تعلیم ہے۔''

عورتیں ایسی کتابیں ہیں، ایسی تصاویر ہیں اور ایسے داستان ہیں کہ جن میں مساوی دنیا بستی ہے جو تمام دنیا کی پرورش اور تربیت کرتی ہیں۔

"عورت کبھی حوا، کبھی مریم، کبھی زہرا
عورت نے ہر اک دور میں قوموں کو سنوارا۔"

عورت کی تمام زندگی ایثار، محبت، ہمدردی اور خدمت کی مکمل تاریخ ہے ماں کی گود بچے کی اولین درسگاہ ہے اسی لئے ماں کی تربیت اچھی ہونا بہت ضروری ہے۔ نپولین کا قول ہے۔

"تم مجھے اچھی مائیں دو میں تم کو اچھی قوم دونگا"

یہی مائیں ہیں جن کی گود میں اسلام پلتا ہے اسی غیرت سے انسان نور کے سانچے میں ڈھلتا ہے۔

بقولِ شاعر:۔
وہ قوم کسی شان کی حقدار نہیں
جس کی عورت ابھی بیدار نہیں۔

مسز آمنہ سراج
نارتھ ناظم آباد بلاک (D)

انمول موتی

☆ درود پاک کا ورد کرنے سے زبان میں مٹھاس پیدا ہوتی ہے

☆ غصہ کم ہوتا ہے دل مضبوط ہوتا ہے۔

☆ تلوار دو قسم کی ہوتی ہے

۱۔ لوہے کی ۲۔ محبت کی

لوہے کی تلوار ایک کو دو کرتی ہیں اور محبت کی ایک کو دو کرتی ہیں۔

☆ کسی کو خوش کرنا نیکی ہے۔

☆ اللہ اس شخص کو آباد کرتا ہے جو حدیث پاک سن کر دوسروں کو پہنچائے۔

☆ اپنے لئے دعا مانگنے سے بہتر ہے اللہ سے دوسروں کے لئے دعا مانگو اللہ تمہارے دل کی مراد منہ سے نکلے بغیر قبول کرلے گا۔

☆ کبھی بھی مصیبت آنے پر موت کی تمنا نہ کرو۔

☆ اللہ کی ذات پر بھروسہ کرنے والا کبھی ناکام نہیں ہوتا۔

طوبیٰ جمیل اور ماہین جمیل
باڑہ مارکیٹ

پریشانیوں کا حل

آج کل پریشانیوں کا دور دورہ ہے ہر شخص پریشان ہے، غریب ہو یا امیر، دیہاتی ہو یا شہری، تعلیم یافتہ ہو یا جاہل، غرض زندگی کا کوئی شعبہ ایسا نہیں جس سے تعلق رکھنے ولا پریشان نہ ہو، ماضی میں ایسا وقت کبھی نہیں آیا۔

حضرت ڈاکٹر عبد الحی عارفی رحمہ اللہ فرمایا کرتے تھے کہ پریشانیاں ہمارے بداعمالیوں کا نتیجہ ہیں، یہ بداعمالیاں ہم نے اپنی زندگی میں اس طرح رائج کر رکھی ہیں کہ ان کے صدور سے کسی قسم کی کراہیت محسوس نہیں ہوتی، اور بداعمالی کا احساس ہی ختم ہو جاتا ہے۔اور بداعمالی کا احساس ہی ختم ہو جائے تو توبہ کیسی؟ اور بخشش نجات کا رستہ بند۔

ایسی بداعمالیاں ہماری عملی زندگی میں بڑی عام ہیں، لیکن ایک بداعمالی ایسی ہے جو کہ وبا کی شکل اختیار کر چکی ہے اور وہ ہے تکبر؛ طبعی بیماریوں کی اکثر اقسام ایسی ہیں کہ وہ آلات سے معلوم کی جا سکتی ہیں، جیسے بلڈ پریشر، شوگر اور دل کی بیماریاں۔ لیکن تکبر ایک ایسی بیماری ہے جس کا تعلق دل سے ہے، مگر اس کا اظہار اعمال سے ہوتا ہے۔ جیسے کسی کو تکبر کی بیماری ہو تو اس کے اعمال سے پتہ چلے گا کہ وہ تکبر میں مبتلا ہے۔

ایک شخص صبح کو دفتر جانے سے پہلے تیار ہوا، اس نے اپنا جائزہ لیا تو اس کے دل میں یہ احساس ہوا کہ وہ بہترین شخص ہے، دفتر روانہ ہونے کے بعد اس کی چال میں ایک قسم کی اکڑ پائی جاتی ہے، دفتر میں داخل ہوا اس کے چہرے پہ سختی کے آثار تھے، اپنے ماتحتوں سے اس کا رویہ ایسا تھا جیسا کہ غلاموں سے ہوتا ہے، دن بھر وہ اسی زعم میں مبتلا رہتا ہے کہ وہ ایک کامیاب ترین آدمی ہے۔ سب اس کی مانتے ہیں، سب قصوروار ہیں، اور وہ فرشتہ ہے، اس کے دل میں جو "میں" آئی یہ افعال سب اسی سوچ کا نتیجہ ہے، یہ شخص معاشرے میں جلد ہی تنہا ہو جاتا ہے، اور اس کو معاشرے میں پیدا ہونے والی خوشیوں سے محروم رہتا ہے، اور یہ مرض نہیں ہے، بلکہ جرم ہے اللہ کا، اور خوشیوں سے محروم ہونا ہی دنیا میں سزا ہے۔

برخلاف اس کے کہ ایک شخص عاجزی کا احساس رکھتا ہے اور وہ اپنے آپ کو دوسروں کے مقابلہ میں کمتر سمجھتا ہے ہر شخص سے عاجزی سے ملتا ہے، بڑا ہونے کے باوجود وہ دوسروں کی سنتا بھی ہے، اور دلچسپی کا اظہار بھی کرتا ہے، اسی عاجزی کو اللہ کے سامنے پیش کرتا ہے اور اس طرح وہ اللہ کا مقبول بندہ بن جاتا ہے اور مخلوق اس سے محبت کرتی ہے اور اپنی خوشیوں میں شریک کرتی ہے اس کی زندگی خوشگوار گزر جاتی ہے۔

اللہ سے دعا ہے کہ وہ صحیح سوچ عطا فرمائے اور تکبر سے محفوظ رکھے اور ہمارے دلوں سے میں نکال دے کیوں کہ یہ سوچ گمراہیوں کی جڑ ہے۔ آمین

چودھری انیس احمد شیخ
03218229222

بزم ادب تصاویر کے آئینے میں

2018

FASHION
Eid Mubarak

FASHION
Eid Mubarak







CamScanner

چمکتے موتی

میدان میں ہارا ہوا انسان پھر سے جیت سکتا ہے
''لیکن''
من سے ہارا ہوا انسان کبھی نہیں جیت سکتا

صرف وہی سپنے سچ نہیں ہوتے جو سوتے وقت دیکھے جاتے ہیں سپنے وہی سچ ہوتے ہیں جن کے لئے آپ سونا چھوڑ دیتے ہیں

انتظار کرنے والوں کو صرف اتنا ہی ملتا ہے جتنا کوشش کرنے والے چھوڑ دیا کرتے ہیں۔

جس انسان نے کبھی غلطی نہیں کی اس نے کبھی کچھ نیا کرنے کی کوشش نہیں کی۔

اگر کسی چیز کو دل سے چاہو تو پوری کائنات اسے تم سے ملانے میں لگ جاتی ہے۔

رشتے کبھی قدرتی موت نہیں مرتے ان کو ہمیشہ انسان ہی قتل کرتا ہے کبھی نفرت کبھی نظر اندازی سے کبھی غلط فہمی سے

اچھے لوگوں کی مثال اس موم بتی کی مانند ہے جو خود

CamScanner

تکلیف اٹھا کر دوسروں کو روشنی مہیا کرتی ہے۔
ہار اور جیت ہماری سوچ پر ہے مان لیا تو ہار، ٹھان لیا تو جیت۔

دنیا کی سب سے خوبصورت جوڑی ہے خوشی اور آنسو، دونوں کا ایک ساتھ ملنا مشکل ہے۔لیکن جب دونوں ساتھ ہوتے ہیں تو وہ لمحہ سب سے قیمتی اور خوبصورت ہوتا ہے۔

اعتماد خود پر رکھو تو طاقت بن جاتی ہے اور دوسروں پر رکھو تو کمزوری بن جاتی ہے۔

جب لوگ آپ کو copy کرنے لگے تو سمجھ لینا زندگی میں success شروع ہوگئی ہے

بشریٰ فاضل
(انڈہ موڑ)

اچھی باتیں

''جنت میں سب کچھ ہے لیکن موت نہیں
قرآن میں سب کچھ ہے لیکن جھوٹ نہیں
دنیا میں سب کچھ ہے لیکن وفا نہیں
انسان میں سب کچھ ہے لیکن صبر نہیں''

''دل سے ایمان کو جدا رکھا ہے
اور نام خود کا مسلمان رکھا ہے
غیروں نے پا لئے قرآن کے ذریعے منزل
اور ہم نے صرف جذدان سجا رکھا ہے''

''ملی تھی زندگی اللہ کو راضی کرنے کے لئے
عمر بیت رہی ہے کاغذ کے ٹکڑے کمانے کے لئے
کیا کرنا اتنے پیسے کما کر
نہ کفن میں جیب نہ قبر میں الماری
اور یہ موت کے فرشتے تو رشوت بھی نہیں لیتے
قبرستان کے باہر لکھا تھا
منزل تو تیری یہی تھی بس عمر بیت گئی تجھے آتے آتے
کیا ملا تجھے اس دنیا سے
اپنوں نے ہی دفنا دیا تجھے جاتے جاتے
آج اعمال ہیں حساب نہیں
کل
حساب ہوگا اعمال نہیں''

سدرہ عاصم

دل کی گہرائیوں سے بھری شاعری

"پانی آنے کی بات کرتے ہو
چار دن سے منہ نہیں دھویا
دل جلانے کی بات کرتے ہو
تم نہانے کی بات کرتے ہو"

"زندگی حسین ہے زندگی سے پیار کرو
وہ پل بھی آئے گا جس پل کا انتظار ہے آپ کو
ہر رات صبح کا انتظار کرو
بس رب پہ بھروسہ اور وقت پہ اعتبار کرو"

"نام کی کیا بات کرتے ہو
تم سمندر کی بات کرتے ہو
لوگ چہرے تک بھول جاتے ہیں
لوگ آنکھوں میں ڈوب جاتے ہیں"

"سبھی کو سب کچھ نہیں ملتا
یہ دل والوں کی دنیا ہے دوست
ندی کی ہر لہر کو ساحل نہیں ملتا
کسی سے دل نہیں ملتا تو کوئی دل سے نہیں ملتا"

مشکلوں میں بھاگ جانا آسان ہوتا ہے
ڈرنے والوں کو کچھ ملتا نہیں زندگی میں
ہر پہلو زندگی کا امتحان ہوتا ہے
اور لڑنے والوں کے قدموں میں جہاں ہوتا ہے"

اقراء عمیر
بارہ دری

اقوالِ زریں

''تمہارا چال چلن اس بات سے معلوم ہو سکتا ہے کہ تم کس چیز کو دیکھ کر خوش ہورہے ہو''

''بعض لوگ اچھا بننے کے لئے اتنی کوشش نہیں کرتے جتنی کہ اچھا نظر آنے کے لئے کرتے ہیں''

''عورت کی ہاں اور نہیں اتنا قریب ہوتا ہے کہ اس کے درمیان سوئی بھی نہیں سما سکتی''

''میگزین آدھی دنیا کو یہ تو بتاتے ہیں کہ باقی دنیا کس طرح زندگی بسر کر رہی ہے لیکن وہ نہیں بتاتے کہ وہ ایسی زندگی کیوں گزار رہے ہیں دنیاں میں سب سے بڑی مصیبت یہ ہے کہ بے وقوف پر یقین اور عقل مند شک و شبے میں گھرے رہتے ہیں''

''برداشت، عقلمند آدمی کا وہ صبر ہے جس کا مظاہرہ وہ جاہل کی باتیں سننے کے وقت کرتا ہے۔''

''بیمار ہونے پر اپنے دشمنوں کو معاف کردو تاکہ آپ صحت یاب ہوجائیں۔''

''ہم اپنے دوستوں کے بغیر تو رہ سکتے ہیں لیکن ہمسائیوں کے بغیر نہیں۔''

''خاموشی گفتگو کا بڑا فن ہے''

نوشین ناز/فضیلہ فیصل

CamScanner

زندگی کے پانچ سنہری اصول

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ؛

(رسول اللہ ﷺ نے ایک دن ہم لوگوں کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا)

کہ زندگی کے پانچ اصول ہیں، جس سے زندگی بہتر ہو سکتی ہے۔

۱) جو چیز اللہ تعالیٰ نے حرام قرار دی ہے ان سے بچو اور پرہیز کرو اگر تم ایسا کرو تو تم بہت بڑے عبادت گزار ہو۔

۲) جو اللہ تعالیٰ نے تمہاری قسمت میں لکھا ہے اس پر راضی ہو جاؤ، اگر ایسا کرو گے تم بڑے بے نیاز اور دولت مند ہو جاؤ گے۔

۳) اپنے پڑوسی کے ساتھ اچھا سلوک کرو اگر ایسا کرو گے تو تم مومن کامل ہو جاؤ گے۔

۴) جو چیز تم اپنے لئے پسند کرو وہی چیز دوسروں کے لئے بھی پسند کرو اگر ایسا کرو گے تم حقیقی مسلم اور پورے مسلمان ہو جاؤ گے۔

۵) زیادہ مت ہنسا کرو کیونکہ زیادہ ہنسنے سے دل مردہ ہو جاتا ہے۔

(جامع ترمذی)

انیہ عابد

خوبصورت باتیں

☆ معاف کر دینا دشمن پر فتح حاصل کر لینا ہے۔

☆ موت سے بڑھ کر کوئی چیز سچی اور امید سے بڑھ کر کوئی چیز جھوٹی نہیں۔

☆ جو اچھے کو اچھا نہ جانے وہ برے کو بھی برا نہیں سمجھتا۔

☆ علم حاصل کرنے کے لئے خود کو شمع کی طرح پگھلاؤ۔

☆ علم دولت سے بہتر، کیونکہ تم دولت کی حفاظت کرتے ہو اور علم تمہاری حفاظت کرتا ہے۔

☆ کتابیں ہمیں نہ صرف زندگی کی سیر کرا سکتی، بلکہ گزری ہوئی باتیں بھی بتاتی ہیں۔

☆ کلام میں نرمی اختیار کر، کیونکہ الفاظ کی نسبت لہجے کا زیادہ اثر ہوتا ہے۔

ثانیہ ناز/ ردا ناز

CamScanner

کیونکہ

اندھیرے میں پرچھائی بھی ساتھ چھوڑ جاتی ہے

آنسو:

''نہ جانے اس پر اتنا یقین کیوں ہے
سوچوں تو پل اتنا حسین کیوں ہے
کہتا ہے محبت کا درد میٹھا ہوتا ہے
تو آنکھ نکلا آنسو نمکین کیوں ہوتا ہے''

اریبہ فاضل

انڈہ موڑ

خوبصورت اقوال

۱) عمل علم کو آواز دیتا ہے، پس اگر وہ جواب دے تو ٹھہر جاتا ہے ورنہ کوچ کر جاتا ہے۔

۲) دولت خرچ کرنے سے کم اور علم خرچ کرنے سے بڑھتا ہے۔

۳) اس شخص کو کبھی موت نہیں آتی جو علم کو زندگی بخشتا ہے۔

۴) بے عمل عالم کی مثال ایسی ہے جیسے اندھے لوگ اس سے روشنی حاصل کرتے ہیں اور وہ خود روشنی سے محروم رہتا ہے۔

۵) اپنی بہتری کا خیال نہ کرو بلکہ خدا کی خوشنودی کو افضل سمجھو

۶) تعلیم بہترین خیرات ہے۔

۷) علم دل کو اس طرح زندہ رکھتا ہے جیسے بارش زمین کو

۸) ایک بچے کی تعمیر ممکن ہے، لیکن ایک بالغ انسان کی اصلاح بے حد مشکل ہے۔

رابعیہ مبین

انڈہ موڑ

CamScanner

دورِ جدید میں موبائل ایک وبا

کچھ سال قبل موبائل فون اسٹیٹس سمبل سمجھا جاتا تھا مگر اب دردِ سر بنتا جا رہا ہے اب اس بیچارے موبائل سے ہم فون سننے سے زیادہ تصاویر بناتے، فیس بک استعمال کرنے اور سب سے بڑھ کر واٹس ایپ اور میسج کرنے کا کام لینے لگے ہیں ایسا لگتا ہے موبائل کمپنیاں کسی سوچے سمجھے منصوبے کے تحت موبائل کے ذریعے ہمیں کسی موذی مرض میں مبتلا کر رہی ہے ایسا مرض جس کی وجہ سے ہم رات بھر سو نہیں پاتے۔

پرویز مشرف اپنے دورِ حکومت میں موبائل فون کو عام آدمی کے استعمال میں آجانے کو ملکی ترقی اور خوشحالی کہا کرتے تھے وہ اپنے ہر خطاب اور انٹرویوی میں بطورِ خاص اس بات کا ذکر کیا کرتے تھے کہ ہم نے ملک کو ترقی کی راہ پر ڈال دیا ہے جس کی مثال یہ ہے کہ ہمارے حکومت سنبھالنے سے قبل کسی کسی کے پاس موبائل فون ہوا کرتا تھا جبکہ اب وہی موبائل فون ایک ریڑھی چلانے والے کے پاس بھی موجود ہے کوئی ان سے کہے زرا آ کر دیکھیں تو سہی جس موبائل کو تمام ہونے کو وہ ملکی ترقی کہا کرتے تھے وہ کس طرح ہمارے نوجوان نسل کی جڑوں میں بیٹھ رہا ہے۔

موبائل فون استعمال کرنے والوں میں زیادہ تر تعداد ان افراد کی ہے جنہیں سرے سے موبائل فون کی ضرورت ہی نہیں ہے کہ وہ لوگ جو کسی طرح موبائل سیٹ تو خرید لیتے ہیں لیکن بیلنس صرف اتنا ہی رکھ پاتے ہیں کہ صرف مس کال ہی دی جا سکے مس کالز کرنے والوں کی بھی الگ ہی دنیا ہے وہ اسے بھی دل لگی سمجھتے ہیں اور جیسے مس کال کر رہے ہو ایسے جیسے احسان عظیم کر رہے ہوں۔

موبائل کے ذریعے ایک اور خطرناک بیماری نے جنم لیا ہے جسے میسج کہتے ہیں کبھی کبھی لگتا ہے میسج کرنے والوں کو اس کام کے علاوہ دوسرا کوئی کام نہیں ہے اکثر اوقات ایک ہی میسج مختلف لوگوں سے کئی کئی بار موصول ہوتا ہے ایسا لگتا ہے جیسے کوئی انتہائی اہم قومی فریضہ تھا جسے پورا کرنے کے لئے بہت سے محبِّ وطن ایک ساتھ اس کام پر لگ گئے میسج کرنے والے دن دیکھتے ہیں نہ رات بس اپنا میسج زیادہ سے زیادہ لوگوں تک پہنچانے کے لئے میسج سینڈ ٹو آل کر کے فارغ ہو جاتے ہیں خواہ رات کے دو بجے ہوں یا تین اب جنہیں رات بھر جاگنے کی بیماری ہو وہ تو میسج پڑھ لیتے ہیں مگر جنہیں شاز و نادر کوئی پیغام وصول ہوتا ہو وہ نیند سے اٹھ کر موبائل اٹھا کر عینک لگا کر جب میسج کھولتے ہیں تو پتہ چلتا ہے کسی سردار یا پٹھان کا کوئی گھسا پٹا لطیفہ ہے جو سینڈ ٹو آل کے چکر میں ان کے پاس بھی آ گیا۔ موبائل فون ایک ضرورت ہے مگر اسے ضرورت سے زیادہ استعمال کر کے خود کو اس کا عادی بنا کر اپنے ذہن اور مستقبل کو مفلوج مت کریں ضرورت کی چیز کو ضرورت کی حد تک استعمال کریں اسی میں صحت بھی ہے اور آپ کا فائدہ بھی۔

مسز ازریبہ بلال






CS CamScanner



CamScanner



CS CamScanner

سوشل میڈیا کے فوائد و نقصانات

سوشل میڈیا ایک ایسا آلہ کار ہے جو لوگوں کو اظہار رائے، تبادلہ خیال، تصاویر اور ویڈیوز شئیر کرنے کی اجازت دیتا ہے جسکی مقبولیت میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے سوشل میڈیا کی بدولت پوری دنیا ایک گاؤں میں تبدیل ہوگئی ہے سوشل ویب سائٹس میں سے زیادہ تر لوگ فیس بک، ٹوئیٹر، یوٹیوب، گوگل پلس وغیرہ استعمال کرتے ہیں۔

ہمیں سوشل میڈیا کے فوائد کے ساتھ ساتھ نقصانات کو بھی مد نظر رکھنا چاہیئے۔

سوشل میڈیا سے اچھے مقاصد بھی سرانجام دیئے جا سکتے ہیں یوزرز ایک دوسرے سے رابطہ رکھتے اور اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہیں۔ تصویر کا دوسرا رخ سامنے آتا ہے کئی مرتبہ نیوز چینلز بھی وہ معلومات نہیں دکھاتے جو سوشل میڈیا کے ذریعے ہم تک پہنچ جاتی ہے۔ مثلاً برما اور کشمیر وغیرہ کے حالات و واقعات قرآن و حدیث کی شئیرنگ اور عقیدے کی درستگی کا کام بھی کیا جا سکتا ہے البتہ تحقیق کر کے شئیر کرنا چاہیئے تعلیم، تفریح اور معاشرے کو متحرک بنانے کے ساتھ مشکل میں مدد کے امکان کا بھی سبب ہے ہمیں سوشل میڈیا کو اچھے مقاصد کے لئے استعمال کرنا چاہیئے۔

سماجی میڈیا کے نقصانات سے بھی خبردار رہنا چاہیئے سوشل میڈیا کے استعمال کی وجہ سے طالب علموں کا بہت سا وقت ضائع ہوتا ہے۔ جس کے باعث عام طور پر نمبر کم آتے ہیں تحقیق سے پہلے ہی خبر پوری دنیا میں پھیل جاتی ہے جعلی اکاؤنٹس کے ذریعے لوگوں کو گمراہ کیا جاتا ہے فحاشی کو فروغ، بے حیائی کا کھلے عام اظہار بے معنی، ناشائستہ اور بے ہودہ زبان کا استعمال کیا جاتا ہے سوشل میڈیا کے زیادہ استعمال کی وجہ سے لوگ اپنے والدین بہن بھائیوں اور رشتہ داروں کو وقت نہیں دے پاتے۔

آپ ایسے لوگوں سے خبردار رہیں جو سوشل میڈیا پر فساد، بدنامی لڑائی، جھگڑے، بے حیائی اور غلط خبریں پھیلاتے ہیں کوئی بھی بات بغیر تحقیق کے شئیر نہ کریں آپ ہمیشہ سماجی ویب سائٹس پر اچھی اور حق و صداقت پر مبنی چیزیں شئیر کریں جو آپ کے لئے صدقہ جاریہ بھی ہوں حکومت کو چاہیئے کہ: سوشل میڈیا پر جعلی اکاؤنٹس رکھنے اور دہشتگردی پھیلانے والوں کو کڑی سے کڑی سزا دیں۔

جویریہ بنت محمد زکی

نظم امّی

کام کریں یہ دن و رات،
کھانے پکائیں لاجواب۔

خیال ہمارا کرتی ہیں،
بچوں پر قربان رہیں۔

کھیلیں بھی کبھی غصہ بھی کریں،
پڑھائی میں ہماری مدد کریں۔

پیار کریں ہر دم ہمیں،
تربیت پہ ہماری نظر کریں۔

خوبیاں ہی خوبیاں ان کی ہیں،
ایسی ہماری امی ہیں۔

ایمن عمران V-A

بدلتے موسم

سردی ، گرمی، خزاں، بہار،
پیارے پیارے موسم چار۔

سردیوں میں تھر تھر کپکپائیں،

چائے پییں اور مونگ پھلیاں کھائیں۔

گرمیوں کا تو الگ ہی مزہ ہے،
ٹھنڈی چیزیں کھانا شروع ہو گیا ہے۔

لو پھر خزاں کا موسم آیا،
سوکھی ہوا کا سایہ ہر جگہ ہے چھایا۔

رنگ ہی رنگ ہر سو نظر آئے ،
بہار اپنے ساتھ کھلتے پھول لائے۔

ہر موسم کا اپنا مزہ ہے،
اللہ کی قدرت سب میں عیاں ہے۔

ایمن عمران